668 قرارداد

جناب سپیکر صاحب !

پیشہ ورانہ تعلیم کے پروگرامز کے تحت نوجوانوں کو مناسب مہارت، صلاحیت اور قابلیت وہنر سے لیس کر کے روزگار کے بہتر مواقع کے لئے رسائی دی جاتی ہے اس تکنیکی یا پیشہ ورانہ تعلیم کے ذریعے نہ صرف نوجوانوں کے مستقبل کو بہتر اور محفوظ بنایا جاسکتا ہے بلکہ ان کے اندر کام اور محنت کرنے کی لگن کا جذبہ بھی پیدا کرنا مقصود ہوتا ہے۔

اس مقصد کو پیش نظر رکھ کر ملک اور ہمارے صوبے میں ان اداروں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے لیکن یہ حقیقت انتہائی قابل توجہ ہے کہ ان میں سے زیادہ تر ادارے صرف مرد نوجوانوں کے لئے ہیں خواتین کے لئے ایسے اداروں کی شدید کمی ہے خواتین چونکہ ہمارے ملک کی آبادی کا تقریباً نصف حصہ ہیں لہٰذا خواتین کے لئے بھی سکلڈ بیسڈ ایجوکیشن (Skilled Based Education) یا پیشہ ورانہ تعلیم کے اداروں کی اشد ضرورت ہے۔

خواتین کے لئے پیشہ ورانہ تعلیم کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس عمل کا مطالبہ کرتا ہے کہ خواتین کے لئے ایسے اداروں کا قیام عمل میں لانے کے ساتھ ساتھ ان پولی ٹیکنک اداروں کو صوبے کے تمام اضلاع میں ضروری ساز و سامان، مشینیں اور سہولیات مہیا کی جائیں تاکہ خواتین بھی اس تعلیم سے مستفید ہو کر معاشرے میں مثبت کردار ادا کر سکیں اور معاشرے کی ترقی میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کر سکیں۔

RESOLUTION
11 Th
736
11:15
21/2/2020
زینت بی بی MPA

منجانب: زینت بی بی، ایم پی اے

Zeenat Bibi Advocate
MEMBER PROVINCIAL ASSEMBLY
KHYBER PAKHTUNKHWA

Adopted as per majority

02/03/2020
3:33 P.M